नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions – **22**

# S-72-Urdu (T.L.) (D&D)

No. of Printed Pages – **11**

## SECONDARY (Deaf & Dumb) (CWSN) EXAMINATION, 2024

# URDU
## (Third Language)

**Time : 4 Hours 15 Minutes**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لیے ہدایات:**

(i) طلبا/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اُس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

**(SECTION–A) حصّہ-الف**

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کے کاپی میں لکھیے:

(i) اُترّ بھارت میں کون سی پراکت بولی جاتی تھی؟

(A) شورسینی (B) مہاراشٹری

(C) ماگدھی (D) اردھ ماگدھی 1

(ii) سبق ''خدا کے نام خط'' کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟

(A) انگریزی (B) اسپینی

(C) گریک (D) یونانی 1

(iii) بھیم راؤ امبیڈکر کب پیدا ہوئے؟

(A) 1889ء میں (B) 1890ء میں

(C) 1891ء میں (D) 1892ء میں 1

(iv) ''دنیا کی کہانی'' کس مصنف کی مشہور کتاب ہے؟

(A) کنھیالال کپور کی (B) احتشام حسین کی

(C) حبیب تنویر کی (D) محمد مجیب کی 1

(v) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا؟

(A) ڈیوڈ بریل (B) لوئی بریل

(C) رابرٹ بریل (D) جیمس بریل 1

(vi) رضیہ سلطان نے کتنے سال حکومت کی ؟

(A) ڈھائی سال (B) تین سال

(C) ساڑھے تین سال (D) چار سال 1

(vii) رتن سنگھ نے 'کاٹھ کا گھوڑا' کسے کہا ہے ؟

(A) سلیم کو (B) کریم کو

(C) چھوٹو کو (D) بندو کو 1

(viii) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(A) وزیر علی (B) نظیر علی

(C) محمد علی (D) احمد علی 1

(ix) نظم 'حمد' میں تسبیح خواں کسے بتایا گیا ہے ؟

(A) کبوتر کو (B) چڑیا کو

(C) گلہری کو (D) خرگوش کو 1

(x) نظیؔر اکبر آبادی کے مطابق کس کے لوہو کا ندی نالا بہتا ہے ؟

(A) غلام (B) بادشاہ

(C) ظالم (D) مظلوم 1

(xi) 'خدائے سخن' کے لقب سے کس شاعر کو یاد کیا جاتا ہے ؟

(A) نظیؔر کو (B) اقبؔال کو

(C) غالؔب کو (D) میؔر کو 1

(xii) ''موت کا ایک دن معیّن ہے'' میں 'معیّن' کے کیا معنی ہیں ؟

(A) غیر طے شدہ (B) طے شدہ

(C) عارضی (D) کبھی 1

(xiii) اقبؔال کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) دہلی میں (B) لکھنؤ میں

(C) سیال کوٹ میں (D) کراچی میں 1

(xiv) ساحؔر لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) محمد ذاکر (B) محمد شاکر

(C) عبدالغفار (D) عبدالحئی 1

(xv) ''روش روش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے'' میں 'کہکشاں' کے معنی ہیں:

(A) ستاروں کو جُھرمٹ (B) پھولوں کی لڑی

(C) موتیوں کی مالا (D) پانی کو بوندیں 1

.2 مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجیے:

(i) اگر تکلّف میں تکلیف ہے تو ________ میں کون سی راحت ہے۔ 1

(ii) سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے ________ بے حد ضروری ہے۔ 1

(iii) آج کل دنیا کی ہر معلومات ________ پر دستیاب ہے۔ 1

(iv) ترک امیروں نے رضیہ کے بھائی ________ کو تخت پر بیٹھا دیا۔ 1

(v) ہستی اپنی ________ کی سی ہے۔ 1

(vi) کعبے کس منہ سے جاؤ گے ________ 1

(vii) خون اپنا ہو یا ________ ہو۔ 1

.3 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک جملے** میں لکھیے:

(i) بے تکلفی سے سب سے بڑی پریشانی کیا ہوتی ہے؟ 1

(ii) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟ 1

(iii) انگریزوں نے اودھ کے تخت پر کسے بٹھایا؟ 1

(iv) موڈیم کسے کہتے ہیں؟ 1

(v) رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟ 1

(vi) 'آگرہ بازار' کس کا ڈراما ہے؟ 1

(vii) عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟ 1

(viii) بے چینی کے عالم میں میرؔ پر کیا بیت رہی ہے؟ 1

(ix) ''کوئی صورت نظر نہیں آتی'' سے کیا مراد ہے؟ 1

(x) مرزا غالبؔ کہاں پیدا ہوئے؟ 1

## حصّہ-ب(SECTION–B)

**نوٹ: مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:**

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں بہت جنگل تھے، مگر اب آبادی کے بڑھنے، شہروں کے آباد ہونے، کھیتی باڑی اور کارخانوں میں اضافے کی وجہ سے جنگل کٹتے جا رہے ہیں۔ جنگلوں کی وجہ سے آب و ہوا اچھی رہتی ہے۔ ہوا میں آکسیجن کی کمی نہیں رہتی۔ بارش خوب

ہوتی ہے۔ باڑھ کی تیزی کم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جنگلوں میں طرح طرح کی جڑی بوٹیاں، عمارتی لکڑی، گوند، کوئلہ، لاکھ، ربر، کاغذ بنانے کی لکڑی، تارپین کا تیل اور اسی طرح کی بے شمار چیزیں حاصل ہوتی ہیں۔

4. جنگل کیوں کٹتے جا رہے ہیں؟ 2

5. آب وہوا کس کی وجہ سے اچھی رہتی ہے؟ 2

6. باڑھ کی تیزی کس کی وجہ سے کم ہوتی ہے؟ 2

7. جنگلوں سے ہمیں کیا کیا چیزیں حاصل ہوتی ہیں؟ 2

**نوٹ:** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے:

8. صفت کی تعریف لکھیے۔ 2

9. فعلِ ماضی کسے کہتے ہیں؟ 2

10. محاورہ 'چھٹی کا دودھ یاد آنا' کے معنی لکھیے۔ 2

11. مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے: 2

(i) پختہ (ii) بھلائی

12. مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مؤنث لکھیے : 2

(i) بیٹا (ii) بادشاہ

13. مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیے : 2

(i) مضمون (ii) شکایت

14. مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے : 2

(i) عقل (ii) وفا

15. مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھیے : 2

(i) ختمہ (ii) واوین

## حصّہ-ج (SECTION – C)

16. مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے : 3

یہ سب ہزاروں برس میں ہوا اور پھر کہتے ہیں کہ دنیا کی آب و ہوا بدلی۔ وہ ایسی ٹھنڈی پڑی کہ اس کا بہت سا حصّہ برفستان ہو گیا اور برف کے کھسکتے پھسلتے پہاڑوں نے سب کچھ اپنے تلے روند ڈالا۔ پھر گرمی آہستہ آہستہ بڑھی۔ برفستان پگھل کر سمندر ہو گئے اور زندگی پھر اُبھر اور

پھیلی۔اس طرح چار مرتبہ ہوااوراس وقت زمین میں کئی سو گز نیچے تک ہمیں جو کچھ ملتا ہے وہ اُنھی گرمی اور سردی کے پھیروں کی داستان سناتا ہے۔

**یا**

اسی لیے، بندو کی ہی وجہ سے اندھیر دیو کے تنگ بازار میں راستہ قریب قریب بند ہو کر رہ گیا ہے۔ضرورت سے زیادہ بوجھ سے لدا ہوا بندو کا ٹھیلہ سڑک پر چڑھائی ہونے کی وجہ سے رُک سا گیا ہے۔رہ رہ کر اگر چلتا بھی ہے تو جوں کی رفتار سے رینگتا ہے اور پھر کھڑا ہو جاتا ہے۔اس کے پیچھے کاریں،ٹرک،بسیں، موٹر سائیکل،اسکوٹر غرض یہ کہ سبھی تیز رفتار گاڑیوں کی لمبی قطار ٹھہر سی گئی ہے اور انہی کے بیچ میں تانگے اور رکشے بھی پھنسے ہوئے ہیں۔

17. سبق ''خدا کے نام خط'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

**یا**

سبق ''نئی روشنی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

18. مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے: 3

(i) نازُکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ii) کوئی اُمید بر نہیں آتی — کوئی صورت نظر نہیں آتی

**یا**

مندرجہ ذیل نظم کے اشعار کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے:

جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اُس کو بھی مان ملے
جو پان کھلاوے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے
جو جیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

19. نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

**یا**

نظم ''اے شریف انسانو!'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

## حصّہ-د (SECTION – D)

20. اسمٰعیل میرٹھی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ 4

**یا**

بشر نواز کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

21. اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو فیس معافی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ 4

**یا**

اپنے دوست کو دسویں جماعت میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔

22. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر مختصر مضمون لکھیے: 4

(i) یوم آزادی

(ii) تاج محل کی سیر

(iii) ماحول کی آلودگی

---

DO NOT WRITE ANYTHING HERE